17-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا کہ ریاستی حکومت تعلیم اور آبپاشی کے شعبوں کو اولین ترجیح دے گی۔

۲۔ریاست کے 10 میونسپل کارپوریشنوں اور 121 بلدیات کے میئر اور چیئر پرسن کے عہدوں کے لئے تحفظات کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔

۳۔ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کا آغاز ہوگیا ہے۔وزیراعظم نریندر مودی نے آج مغربی بنگال کے مالدہ سے ورچوئل طریقہ سے ہری جھنڈی دکھا کر اس ٹرین کو روانہ کیا۔

اور

۴۔بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راو نے کہا ہے کہ اگر دونوں شہروں کے وجود کو نقصان پہنچتا ہے تو ہم اسے برداشت نہیں کریں گے۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ بھاگیہ ریڈی ورما کی زندگی لاکھوں لوگوں کے لئے مشعل راہ ہے اور ان کی تحریک سے آج بھی بے شمار لوگ سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔حیدرآباد کے علاقہ چادر گھاٹ میں واقع بھاگیہ میموریل گرلز ہائی اسکول کی 83 ویں سالانہ تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کرتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ سماجی تبدیلی کے لئے قائم ان تعلیمی اداروں کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ آدی ہندو سوشل سروس لیگ کے زیر انتظام چلنے والا یہ اسکول کئی سماجی تحریکوں کا مرکز رہا ہے۔انہوں نے 20 ویں صدی کے عظیم سماجی مصلح بھاگیہ ریڈی ورما کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس دور میں سماجی شعور بیدار کرنے کے لئے انتھک جدوجہد کی۔انہوں نے غریب عوام اور خواتین کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے مقصد سے آدی ہندو سوشل سروس لیگ کی بنیاد رکھی اور اسکول قائم کئے جو آج بھی معاشرہ کی خدمت کر رہے ہیں۔

PM VANDE BHARAT SLEEPER TRAIN

ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کا آغاز ہو گیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مغربی بنگال کے مالدہ سے ورچوئل طریقہ سے ہری جھنڈی دکھا کر اس ٹرین کو روانہ کیا۔ یہ ٹرین ہوڑہ اور گوہاٹی کے درمیان چلے گی۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے مزید سات امرت بھارت ٹرینوں کا بھی افتتاح کیا اور مقامی سطح پر ریلوے و سڑک کے مختلف منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ مکمل طور پر ایئر کنڈیشنڈ اس وندے بھارت سلیپر ٹرین میں 16 جدید کوچس شامل ہیں، جن میں مجموعی طور پر 823 مسافروں کے بیٹھنے اور سونے کی گنجائش ہے۔

SOUND BYTE

BANDI SANJAY

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے یقین ظاہر کیا ہے کہ آئندہ بلدی انتخابات میں بی جے پی سب سے زیادہ نشستوں پر کامیابی حاصل کرے گی۔ سکندر آباد میں منعقدہ بی جے پی میونسپل الیکشن وجے سنکلپ سمیلن میں شرکت کرتے ہوئے انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بلدی انتخابات میں بی جے پی کو ایک موقع دیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام ہمیں موقع دیتے ہیں تو ہم بلدیات اور کارپوریشنوں میں ترقی کا اصل مطلب دکھائیں گے۔ انہوں نے یہ وعدہ بھی کیا کہ اگر ریاست میں زیادہ تر کارپوریشن اور بلدیات میں بی جے پی کامیاب ہوتی ہے تو وہ مرکز سے زیادہ فنڈس لانے کی کوشش کریں گے۔

MUNICIPAL CORPORATIONS-RESERVATIONS

ریاست کے 10 میونسپل کارپوریشنوں اور 121 بلدیات کے میئر اور چیئر پرسن کے عہدوں کے لئے تحفظات کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔ محکمہ بلدی نظم و نسقکی ڈائریکٹر شری دیوی نے جی ایچ ایم سی ہیڈ کوارٹر میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ خواتین کے لئے 50 فیصد تحفظات مختص کئے گئے ہیں۔ چیئر پرسن کی نشستوں میں سے 5 ایس ٹی، 17 ایس سی اور 38 بی سی طبقات کے لئے مختص کی گئی ہیں۔ کارپوریشنوں میں ایس سی اور ایس ٹی کے لئے ایک ایک، جبکہ بی سی کے لئے 3 نشستیں رکھی گئی ہیں۔ کوتہ گوڑم کارپوریشن کو

ایس ٹی جنرل، رام گنڈم کوایس سی جنرل اور محبوب نگر کارپوریشن کو بی سی خاتون کے لئیمختص کیا گیا ہے۔اسی طرح منچریال اور کریم نگر کارپوریشنس بی سی جنرل کے لئیہوں گی۔ جی ایچ ایم سی، کھمم ،نلگنڈہ اور نظام آباد کارپوریشنس کو جنرل خواتین کے لیے جبکہ گریٹر ورنگل کو جنرل امیدوار کے لئے محفوظ کیا گیا ہے۔

CM MAHBOOB NAGAR TOUR

وزیراعلی ریونت ریڈی آج محبوب نگر کا دورہ کرر ہے ہیں۔اس موقع پر انہوں نے 1284 کروڑ روپئے لاگت سے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔چٹی بوئن پلی میں ٹریپل آئی ٹی کی اراضی پر سنگ بنیاد رکھا گیا۔محبوب نگر میں ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریزیڈنشیل اسکول کے قیام، پینے کے پانی کے مرکز، زیرزمین ڈرینج کے کاموں کا بھی سنگ بنیاد رکھا گیا۔

MEDARAM GOVERNING BOARD CONSTITUTED

انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ نے میڈارم سمکا سارلماں مہاجاتر اٹرسٹ بورڈ کی تشکیل کے احکام جاری کیئے ہیں ۔اس کے تحت 15 ڈائرکٹرس پر مشتمل گورننگ باڈی قائم کی گئی ہے جس کی صدرنشین سنیل دورا کومقرر کیا گیا ہے۔آج اس گورننگ باڈی کے اجلاس کی حلف برداری کی تقریب میں وزیرسیتکا نےشرکت کی اور ارکان کومبارکباد پیش کی۔

KTR

تلنگانہ کے سابق وزیر وبی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راماراو نے کہا ہے کہ اگر دونوں شہروں کے وجود کو نقصان پہنچتا ہے تو ہم اسے برداشت نہیں کریں گے۔انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت نے عوام سے احتجاج کا حق چھین لیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیر ٹی سرینواس یادو کی قیادت میں سکندرآباد بچاو ریلی کو پولیس نے روکا ہے۔انہوں نے کہا کہ عدالت کی اجازت سے پُرامن ریلی نکالی جائے گی۔

SAJJANAR

کمشنر پولیس حیدرآباد وی سی سجنار نے قرعہ اندازی کے نام پر کیئے جانے والے گھوٹالوں سے چوکس رہنے کا عوام کومشورہ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بات پولیس کے علم میں آئی ہے کہ سوشل میڈیا پر بعض بااثرافراد لکی ڈرا کے نام پر کاریں، بائیک، پلاٹ اورڈی جے کی پیشکش کرتے ہوئے اسکام کرر ہے ہیں۔سجنار نے سوشیل میڈیا پر ایک ویڈیو پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ ایسے افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی جو سادہ لوح افراد کی امیدوں کا فائدہ اٹھا کران کودھوکہ دے رہے ہیں۔

ASCI Convocation

اڈمنسٹریٹیو اسٹاف کالج آف انڈیا کا کانوکیشن شاندار پیانہ پر منعقد کیا گیا۔اس موقع پر اسکول آف مینجمنٹ ڈینس اورسنٹر فارمینجمنٹ اسٹیڈیز ڈائرکٹر نرملا باگجی نے خطاب کیا۔ انہوں نے کورس کی تکمیل کرنے والے طلبہ سے کہا کہ وہ آج مختلف اعلیٰ منصب پر فائز ہیں۔ اپنی ذمہ داریوں میں بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے ادارہ کی نیک نامی کو برقرار رکھیں۔ نرملا باگجی نے مزید کہا کہ اعلیٰ تعلیمی مہارت کے ساتھ سینکڑوں طلبہ کا اِس ادارہ سے گریجویشن کی سند حاصل کرنا باعث فخر ہے۔

K Sambasiva Rao

سی پی آئی کی صد سالہ تقاریب کے اختتامی پروگرام کے سلسلہ میں کھمم شہر مکمل طور پر تیار ہوگیا ہے۔ یہ چار روزہ تقاریب کل سے کھمم میں منعقد کی جائیں گی۔سی پی آئی تلنگانہ اسٹیٹ سکریٹری اورکتہ گوڑم کے رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ نے بتایا کہ پارٹی کے 100 سال مکمل ہونے کے موقع پر ایک عظیم الشان ریالی اور جلسہ عام منعقد کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ان تقاریب کے تحت ہونے والے تین روزہ پروگراموں میں دونوں کمیونسٹ پارٹیوں کے جنرل سکریٹریز ڈی راجہ اورایم اے بی بی کے علاوہ ملک اور بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے تقریباً 40 بائیں بازو جماعتوں کے قائدین شرکت کریں گے۔

Sound Byte

Wings India

وزارتِ شہری ہوابازی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایشیا کے سب سے بڑا شہری ہوابازی پروگرام ونگس انڈیا 2026 اس ماہ کی 28 سے 31 تاریخ تک حیدرآباد کے بیگم پیٹ ایرپورٹ پر منعقد کیا جائے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ پروگرام عالمی ہوابازی کے شعبہ کے مستقبل کی جھلک پیش کرے گا۔ وزارت کے مطابق، اس چار روزہ پروگرام میں مرکزی وزیرِ شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو کے علاوہ 20 سے زائد ممالک کے سرکاری وفود شرکت کریں گے۔

CM - IIIT FOUNDATION

وزیراعلیٰ تلنگانہ اے ریونت ریڈی نے ہفتہ کے روز ضلع محبوب نگر کے جڑچرلہ کے گاؤں چٹا بوئن پلی میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹکنالوجی (آئی آئی آئی ٹی) کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس منصوبے کی تعمیر پر تقریباً 200 کروڑ روپے لاگت آنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب کے بعد ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے جس میں وزراء دامودر راج نرسمہا، جوپلی کرشنا راؤ اور واکٹی سری ہری نے شرکت کی، وزیراعلیٰ نے یقین دلایا کہ اس کیمپس کی عمارت ایک سال کے اندر مکمل کرلی جائے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ محبوب نگر ضلع کو تعلیمی مرکز بنانے کے لئے یہاں ہر قسم کے تعلیمی ادارے قائم کئے جائیں گے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ریاستی حکومت تعلیم اور آبپاشی کے شعبوں کو اولین ترجیح دے گی۔ وزیراعلیٰ نے جذباتی انداز میں کہا کہ برگلا رام کرشنا راؤ کے بعد 75 سال کے طویل عرصہ کے بعد محبوب نگر ضلع کو دوبارہ ایک وزیراعلیٰ (خود ان کی صورت میں) ملنے کا موقع ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس موقع کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے ضلع میں بڑے تعلیمی ادارے اور آبپاشی کے منصوبے قائم کرنے پر عزم ہے۔ تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ تعلیم ہی سماج کے بہت سے مسائل کا واحد حل اور مستقبل کے مواقع کی کلید ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ عزم وحوصلہ کے ساتھ محنت کریں اور زندگی میں کامیابی کے لئے اپنی لسانی مہارتوں کو بہتر بنائیں۔ اپنی ذاتی زندگی کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ کس طرح وہ اچم

پیپٹ حلقہ کے ایک دور دراز گاؤں سے نکل کر عوام کی حمایت سے محض 17 سالوں میں وزیر اعلیٰ کے عہدے تک پہنچے۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ تعلیم حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اسی مقصد کے تحت 200 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک انٹیگریٹڈ اسکول بھی تعمیر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ سول سروس کے امتحانات کی تیاری کرنے والے امیدواروں کو مالی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے اپنے خطاب کا اختتام طلبہ کو والدین کا احترام کرنے اور ہمیشہ سیکھنے کے عمل سے جڑے رہنے کی تلقین کے ساتھ کیا۔